# بلوچستان صوبائی اسمبلی

بروز سوموار مورخہ 29/مارچ 2021ء

## نشان زدہ سوالات اور انکے جوابات

## (1)محکمہ کھیل (2)محکمہ پبلک ہیلتھ انجینئرنگ (3)محکمہ آبپاشی

☆313 **میر زابد علی ریکی رُکن اسمبلی** نوٹس موصول ہونے کی تاریخ 18 اگست 2020

کیا وزیر کھیل ازراہ کرم مطلع فرمائیں گے کہ **19 فروری 2021 کو موخر شدہ**

مالی سال 2020.2021 کے بجٹ میں ضلع واشک کیلئے اسپورٹس کی کل کتنی اسکیمات شامل کی گی ہیں ان کے نام, مختص کردہ لاگت رقم اور جگہ/علاقہ کی تفصیل دی جائے۔

**وزیر کھیل**

مالی سال 2020.2021 کے بجٹ میں ضلع واشک کیلئے ذیل اسکیم مختص کی گئی ہے ۔

تعمیر اسپورٹس کمپلیکس ضلع واشک کل لاگت 257.00 ملین جس کی تعمیر ضلعی ہیڈکوارٹر واشک ٹاون میں کی جائے گی۔

☆314 **میر زابد علی ریکی رُکن اسمبلی** نوٹس موصول ہونے کی تاریخ 18 اگست 2020

کیا وزیر کھیل ازراہ کرم مطلع فرمائیں گے کہ **19 فروری 2021 کو موخر شدہ**

کیا یہ درست ہے کہ مالی سال 2021-2020 کے بجٹ میں ضلع واشک میں گراونڈ کی تعمیر کیلئے رقم مختص کی گی ہے اگر جواب اثبات میں ہے تو کل کسقدر رقم مختص کی گی ہے۔ نیز کیا یہ بھی درست ہے کہ سال 2018 تا 2019 کے دوران مذکورہ ضلع میں کرکٹ گراونڈ، فٹ بال گراونڈ اور ہاکی گراونڈ تعمیر کیے گئے ہیں اگر جواب اثبات میں ہے تو تفصیل بھی دی جائے۔

**وزیر کھیل**

مالی سال 2020.2021 کے بجٹ میں ضلع واشک میں اسپورٹس گراونڈ کی تعمیر کیلئے کوئی اسکیم منظور نہیں ہوئی ہے جبکہ وزیر اعلیٰ کے وژن کے مطابق محکمہ کھیل اسپورٹس کمپلیکس تعمیر کر رہا ہے جس میں تمام کھیلوں کی سہولیات شامل ہیں جس کی

کل مالیت 257.00 ملین ہے۔

اس کے علاوہ سال 2018 تا 2019 کے دوران ضلع واشک میں کوئی کرکٹ گراونڈ، فٹبال گراونڈ اور ہاکی گراونڈ تعمیر نہیں کیے گئے ہیں۔

☆394 **ملک نصیر احمد شاہوانی رُکن اسمبلی** نوٹس موصول ہونے کی تاریخ **8 ستمبر 2020**

کیا وزیر کھیل از راہ کرم مطلع فرمائیں گے کہ

مالی سال 2020.2021 کے بجٹ میں صوبہ کے کن کن اضلاع میں اسپورٹس کمپلکیس کے قیام کی منظوری دی گی ہے تفصیل دی جائے۔

**وزیر کھیل**

مالی سال 2020.2021 کے بجٹ میں صوبہ کے تمام 33 اضلاع میں سپورٹس کمپلیکس کے قیام کی منظوری دی گئی ہے جن کی کل لاگت 8755 ملین ہے تمام ڈویژنل کمشنرز کو پروجیکٹ ڈائریکٹر تعینات کیے گئے ہیں۔

☆329 **جناب نصر اللہ خان زیرے رُکن اسمبلی** نوٹس موصول ہونے کی تاریخ **8 ستمبر 2020**

کیا وزیر پبلک ہیلتھ انجینئرنگ از راہ کرم مطلع فرمائیں گے کہ۔ مورخہ 3 دسمبر 2020، 4 فروری اور 19 فروری 2021 کو موخر شدہ

کیا یہ درست ہے کہ مالی سال 2021۔2020 کے مرکزی پی ایس ڈی پی میں مانگی ڈیم کیلئے رقم مختص کی گئی ہے اگر جواب اثبات میں ہے تو کل کسقدر رقم مختص کی گئی ہے تفصیل تاحال آمدہ اخراجات کے دی جائے نیز کیا یہ بھی درست کہ مذکورہ مالی سال کے صوبائی پی ایس ڈی پی میں مذکورہ ڈیم کیلئے رقم مختص کی گئی ہے اگر جواب اثبات میں ہے تو کل کسقدر رقم مختص کی گئی ہے تفصیل تاحال جاری کردہ رقم کے دی جائے۔

**وزیر پبلک ہیلتھ انجینئرنگ**

مالی سال 2020.2021 کے وفاقی پی ایس ڈی پی میں مانگی ڈیم کیلئے کل 1745.0 ملین مختص کی گئی ہے جبکہ مذکورہ سال کے صوبائی پی ایس ڈی پی میں مذکورہ ڈیم کیلئے کل 500.0 ملین مختص کیے گئے ہیں اور تاحال آمدہ اخراجات تا اکتوبر 2020 4262.744 ملین ہے نیز تاحال وفاقی پی ایس ڈی پی سے ریلیز/ جاری شدہ رقم 310.0 ملین جبکہ صوبائی پی ایس ڈی پی سے تاحال ریلیز/ جاری شدہ رقم 100.0 ملین ہے۔

☆330 **جناب نصر اللہ خان زہری رُکن اسمبلی** نوٹس موصول ہونے کی تاریخ **8 ستمبر 2020**

کیا وزیر پبلک ہیلتھ انجینئر نگ از راہ کرم مطلع فرمائیں گے کہ۔ مورخہ **3 دسمبر 2020**،**4 فروری** اور **19 فروری 2021** کو موخر شدہ

کیا یہ درست ہے کہ مالی سال 2021-2020 کے مرکزی پی ایس ڈی پی میں ہلک ڈیم کیلئے رقم مختص کی گئی ہے اگر جو اب اثبات میں ہے تو کل کسقدر رقم مختص کی گئی ہے اور مذکورہ ڈیم پر اب تک کسقدر فیصد کام کیا گیا ہے تفصیل دی جائے نیز کیا یہ بھی درست ہے کہ مذکورہ مالی سال کے صوبائی پی ایس ڈی پی میں مذکورہ ڈیم کیلئے رقم مختص کی گئی ہے اگر جواب اثبات میں ہے تو کل کسقدر رقم کی گئی ہے تفصیل بھی دی جائے

**وزیر پبلک ہیلتھ انجینئر نگ**

مالی سال 2020.2021 کے وفاقی پی ایس ڈی پی میں ہلک ڈیم کیلئے رقم مختص نہیں کی گئی اور اس پر کوئی کام نہیں کیا گیا ہے اور نہ ہی صوبائی پی ایس ڈی پی کے مد میں مذکورہ ڈیم کیلئے کوئی رقم مختص کی گئی ہے

☆347 **جناب نصر اللہ خان زہری رُکن اسمبلی** نوٹس موصول ہونے کی تاریخ **8 ستمبر 2020**

کیا وزیر پبلک ہیلتھ انجینئر نگ از راہ کرم مطلع فرمائیں گے کہ۔ مورخہ **3 دسمبر 2020**،**4 فروری** اور **19 فروری 2021** کو موخر شدہ

محکمہ پبلک ہیلتھ انجینئر نگ میں جون 2018 تا 31 / اگست 2020 کے دوران تعینات کردہ ملازمین کے نام بمعہ ولدیت، جائے تعیناتی، تنخواہ اور لوکل/ ڈومیسائل کی تفصیل دی جائے۔

**وزیر پبلک ہیلتھ انجینئر نگ**

محکمہ پبلک ہیلتھ انجینئر نگ میں جون 2018 تا 31 اگست 2020 کے دوران تعینات کردہ ملازمین کی تفصیل آخر پر منسلک ہے

☆393 **ملک نصیر احمد شاہوانی رُکن اسمبلی** نوٹس موصول ہونے کی تاریخ **8 ستمبر 2020**

کیا وزیر پبلک ہیلتھ انجینئر نگ از راہ کرم مطلع فرمائیں گے کہ۔

گزشتہ 10 سالوں کے دوران تنصیب کردہ ٹیوب ویلز کی کل تعداد کسقدر رہے اور ان میں سے کتنے مکمل اور نامکمل ہیں کتنے فعال اور غیر فعال ہیں ضلعوار تفصیل دی جائے۔

**وزیر پبلک ہیلتھ انجینئر نگ**

محکمہ پبلک ہیلتھ انجینئرنگ کی جانب سے گزشتہ دس سالوں کے دوران تنصیب کردہ ٹیوب ویلز کی ضلعوار تفصیل آخر پر منسلک ہے۔

☆413 **میر یونس عزیز زہری رُکن اسمبلی** <u>نوٹس موصول ہونے کی تاریخ 8 ستمبر 2020</u>

کیا وزیر پبلک ہیلتھ انجینئرنگ ازراہ کرم مطلع فرمائیں گے کہ۔

ضلع خضدار میں جنوری 2013 تا 31 دسمبر 2018 کے دوران تنصیب کردہ بورز کی کل تعداد کسقدر رہے اور یہ مذکورہ ضلع کے کن کن علاقوں میں تنصیب کیے گئے ہیں نیز ان میں سے کتنے فعال اور غیر فعال ہیں تفصیل بھی دی جائے۔

<u>**وزیر پبلک ہیلتھ انجینئرنگ**</u>

**جواب موصول نہیں ہوا۔**

☆350 **جناب نصراللہ خان زیرے رُکن اسمبلی** <u>نوٹس موصول ہونے کی تاریخ 8 ستمبر 2020</u>

کیا وزیر آبپاشی ازراہ کرم مطلع فرمائیں گے کہ۔ <u>مورخہ 3 دسمبر 2020 اور 4 فروری 2021 کو موخرشدہ</u>

(الف) کیا یہ درست ہے کہ مالی سال 2021۔2020 کے بجٹ میں ضلع کوئٹہ میں ڈیمز اور چیک ڈیمز کی تعمیر کیلئے فنڈ/رقم مختص کی گی ہے۔

(ب) اگر جزو الف کا جواب اثبات میں ہے تو کل کسقدر رقم مختص کی گی ہے نیز ان کے نام، علاقہ، تاریخ تکمیل اور لاگت کی ڈیم و چیک ڈیم وار تفصیل بھی دیجائے۔

<u>**وزیر آبپاشی**</u>

اس سال صوبائی سالانہ ترقیاتی پروگرام یعنی 2021-2020 میں ضلع کوئٹہ کے لئے ایک نیا ڈیم شامل کیا گیا ہے جسکا نام سارا خلا ڈیم ہے اور جس کی لاگت 500 ملین ہے اور تین ڈیمز پر کام جاری ہے جو کہ سال 2019.2020 کے منظور شدہ ہیں تفصیل ذیل ہے۔

1۔ پنچپائی ڈیم کلی سردار اورنگزیب سمالانی۔ ضلع کوئٹہ۔

۲۔ کچ ڈیلے ایکشن ڈیم سرا خلا ایریا ضلع کوئٹہ۔

۳۔ سرہ غٹرگی ڈیلے ایکشن ڈیم ضلع کوئٹہ۔

☆396 **میر زابد علی ریکی رُکن اسمبلی** نوٹس موصول ہونے کی تاریخ 9 اکتوبر 2019

کیا وزیر آبپاشی از راہ کرم مطلع فرمائیں گے کہ۔ مورخہ 4 فروری 2021 کو موخر شدہ

محکمہ آبپاشی کی جانب سے مالی سال 2019.2020 کے پی ایس ڈی پی میں ضلع واشک سے متعلق متعلق کل کتنے ترقیاتی اسکیمات شامل کیے گئے ہیں ان کے نام، آمدہ لاگت اور مدت تکمیل کی اسکیم وار تفصیل دی جائے۔

**وزیر آبپاشی**

محکمہ آبپاشی کی جانب سے مالی سال 2019.2020 کی صوبائی پی ایس ڈی پی میں ضلع واشک سے متعلق کوئی اسکیم شامل نہیں کی گئی ہے تاہم وفاقی پی ایس ڈی پی میں ضلع واشک میں دو ڈیموں کی منظوری دی گی ہے اوران پر کام جاری ہے تفصیل ذیل ہے۔

1 سمشی ڈیم جس کی لاگت 43 کروڑ ہے اور مدت تکمیل دسمبر 2021 ہے۔

2 واشک ڈیم جس کی لاگت 64 کروڑ ہے اور مدت تکمیل دسمبر 2021 ہے۔

کوئٹہ

مورخہ 26/مارچ 2021

سیکرٹری،

بلوچستان صوبائی اسمبلی